سلووینین وفد کی ملاقات

بعد ازاں پروگرام کے مطابق ملک سلووینیا سے آنے والے وفد نے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ ملک سلووینیا سے چارافراد پر مشتمل وفد آیا تھا۔

ملاقات کے آغاز میں حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تمام ممبران سے ان کا حال دریافت فرمایا اور سب سے باری باری تعارف حاصل کیا۔

❁ وفد کی ایک ممبر نے بتایا کہ وہ botanical garden میں کام کرتی ہیں۔ اس پر حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دریافت فرمایا کہ کیا آپ کے گارڈن میں دنیا کے مختلف ممالک کے پودے موجود ہیں جس پر موصوف نے عرض کیا کہ موجود ہیں۔

❁ وفد کی دو خواتین ممبر ٹرانسپورٹ کے شعبہ سے تعلق رکھتی تھیں۔ یہ ممبران جلسہ سالانہ میں پہلی مرتبہ شامل ہوئی تھیں۔ ممبران نے بتایا کہ ہم نے اپنی زندگی میں مسلمانوں کا ایسا بڑا پروگرام پہلی مرتبہ دیکھا ہے۔ ہم اس سے بہت متاثر ہیں۔ ہر چیز منظّم تھی اور سب ایک دوسرے سے محبت و پیار سے پیش آرہے تھے۔ انتظامات بہت اچھے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے بابرکت وجود سے بہت متاثر تھیں اور اس بات کا اظہار کیا کہ حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا وجود ایک پُرنور وجود ہے۔ حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہمارے پروفیشن کے حوالہ سے بھی ہم سے بات کی اور ہم اسلام کے متعلق ہر لحاظ سے یہاں سے مطمئن ہوکر واپس جارہی ہیں۔

ملاقات کے آخر پر ممبران نے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔